# DIRECTORATE OF EDUCATION, GNCT OF DELHI-54
# PRACTICE PAPER
MID TERM EXAMINATION (2022-23)
CLASS-IX
SUBJECT-URDU-A (003)

TIME:3 Hrs. M.M.:80

**عام ہدایات:**

i. اس سوال نامے میں کل 14 سوالات ہیں۔

ii. سبھی سوالات لازمی ہیں۔

iii. ہر سوال کا نمبر اس کے سامنے درج ہے۔

iv. جواب تحریر کرتے وقت صفائی اور خوش خط کا خاص خیال رکھیں۔

**1- درج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو پڑھیے اور سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔** 1x5=5

رضیہ سلطان باقاعدہ دربار لگاتی تھی۔ اس نے برابری اور بھائی چارے کو عام کیا۔ رضیہ سلطان نے حکومت کے اختیارات کو چالیس امیروں میں بانٹا جن سے وہ ملکی معاملات میں مشورہ کرتی تھی۔ اس نے ''میر آخور'' کا سب سے بڑا عہدہ ایک حبشی غلام یاقوت کو دیا کیونکہ وہ ایمان دار اور جفاکش تھا۔ یہ اہم عہدہ اب تک صرف تُرک امیروں کو ملتا تھا۔ یہ بات تُرک امیروں کو پسند نہیں آئی۔ انھوں نے رضیہ کو تخت سے اتارنے کی سازش کی اور بھٹنڈا کے گورنر التونیہ کو بہکا کر بغاوت کروا دی۔ جب وہ بغاوت کو کچلنے کے لیے پنجاب میں بھٹنڈا پہنچی تو اس کے سپاہی طویل سفر اور گرمی سے پریشان ہو چکے تھے۔ اگر چہ دونوں فوجوں میں زبردست مقابلہ ہوا مگر رضیہ کی فوج کو ہتھیار ڈالنے پڑے۔ وہ قید کر لی گئی۔ ادھر دلّی میں سازشیوں نے رضیہ کے بھائی بہرام کو تخت پر بٹھا دیا اور بڑے بڑے عہدے آپس میں بانٹ لیے۔ بہرام کمزور بادشاہ ثابت ہوا۔ التونیہ کو جب اپنی غلطی کا احساس ہوا تو اس نے رضیہ سے معافی مانگی اور اپنی وفاداری کا یقین دلایا پھر دونوں کی شادی ہوگئی۔

i۔ رضیہ سلطان نے کس چیز کو عام کیا؟

A۔ دولت کو

B۔ بھائی چارے کو

C۔ غیر برابری کو

D۔ نفرت کو

ii۔ رضیہ سلطان نے میر آخور کا عہدہ کس کو دیا؟

A۔ یاقوت کو

B۔ التونیہ کو

C۔ بہرام کو

D۔ رکن الدین کو

iii۔ التونیہ کہاں کا گورنر تھا؟

A۔ دولت آباد کا

B۔ میرٹھ کا

C۔ دلی کا

D۔ بھٹنڈا کا

iv۔ رضیہ سلطان کی شادی کس سے ہوئی؟

A۔ دولت آباد کے وزیر سے

B۔ بھٹنڈا کے گورنر سے

C۔ دلی کے گورنر سے

D۔ سیالکوٹ کے وزیر سے

v۔ بغاوت کو کچلنے کے لیے رضیہ سلطان اپنی فوج کے ساتھ کہاں پہنچی؟

A۔ بھٹنڈا

B۔ سیالکوٹ

C۔ میرٹھ

D۔ جھانسی

**2-درج ذیل غیر درسی شعری حصے کو پڑھیے اور سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔** 1x5=5

قدم بڑھاؤ دوستو، قدم بڑھاؤ دوستو
چلو کہ ہم کو منزلیں بُلا رہی ہیں دور سے
چلو کہ سارے راستے دُھلے ہوئے ہیں نور سے

چمن کھِلا کھِلا سا ہے
اُفق دُھلا دُھلا سا ہے
دیے جلاؤ راہ میں وطن کا نو سنگھار ہے
نئی نئی بہار ہے
قدم بڑھاؤ دوستو، قدم بڑھاؤ دوستو

سفر کی ابتدا ہے یہ، ابھی رکو نہ راہ میں
پہاڑ ہو کہ غار ہو، نہ لاؤ تم نگاہ میں

i۔ شاعر کس کو نگاہ میں نہ لانے کی بات کہہ رہا ہے؟

A پہاڑ اور غار کو

B شریف انسانوں کو

C محنت کشوں کو

D آسانیوں کو

ii۔ منزلیں ہمیں کہاں سے بلا رہی ہیں؟

A قریب سے

B دور سے

C پہاڑ سے

D غار سے

iii۔ سارے راستے کس سے دھلے ہوئے ہیں؟

A پانی سے

B خوشبو سے

C تیزاب سے

D نوُر سے

iv۔ شاعر کہاں دیے جلانے کی بات کر رہا ہے؟

A چمن میں

B اسکول میں

C راہ میں

D میدان میں

v۔ شاعر نے دھلا دھلا سا کسے بتایا ہے؟

A چمن کو

B پہاڑ کو

C افق کو

D غار کو

**3-درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر دو سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔** **8**

i۔ بے روزگاری

ii۔ کمپیوٹر کے فوائد

**4-دوست کو خط لکھ کر دہلی کی سیر کے لیے دعوت دیجیے۔** **4**

**یا**

اسکول کی لائبریری میں بچوں کے رسالے کی دستیابی کے لیے پرنسپل کے نام درخواست لکھیے۔

**5- دی ہوئی ہدایات کے مطابق سبھی سولوں کے جواب دیجیے:** **1x12=12**

i. قلعہ کی دیواریں بہت مضبوط ہیں۔اس جملے میں 'قلعہ' کیا ہے؟

A اسم خاص

B اسم نکرہ

C اسم معرفہ

D اسم مصغر

ii. کٹوری بہت خوبصورت ہے۔اس جملے میں 'کٹوری' کیا ہے؟

A اسم مکبر

B اسم صوت

C اسم معرفہ

D اسم مصغر

iii. 'سر سید احمد خاں کے نام میں 'سر' کیا ہے؟

A خطاب

B لقب

C کنیت

D تخلص

iv. حامد! آخر کار آپ اپنے مقصد میں کامیاب ہو گئے۔اس جملے میں 'آپ' ضمیر کی کون سی قسم ہے؟

A ضمیر متکلم

B ضمیر حاضر

C ضمیر غائب

D ضمیر استفہامیہ

v. جان دی، دی ہوئی اسی کی تھی

حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟

A تشبیہ

B تجنیس

C استعارہ

D تلمیح

vi. وہ شخص آپ کی بڑی عزت کرتا ہے۔اس جملے میں 'وہ' ضمیر کی کون سی قسم ہے؟

A ضمیر متکلم

B ضمیر حاضر

C ضمیر غائب

D ضمیر استفہامیہ

vii. کیا وہ نمرود کی خدائی تھی؟

بندگی میں مرا بھلا نہ ہوا

اس شعر میں کون سی صنعت ہے ؟

A تشبیہ

B تجنیس

C استعارہ

D تلمیح

viii. اکبر بادشاہ نے یہاں پچاس سال تک حکوت کی۔اس جملے میں 'اکبر' کیا ہے ؟

A اسم عام

B اسم نکرہ

C اسم معرفہ

D اسم مکبر

ix. 'گزرا ہوا زمانہ' سبق کا تعلق کس صنف سے ہے ؟

A افسانہ

B ناول

C انشائیہ

D داستان

x. 'حج اکبر' کس کا افسانہ ہے ؟

A صالحہ عابد حسین

B منشی پریم چند

C رشید احمد صدیقی

D سر سید احمد خاں

xi. 'تسخیر' کا کیا مطلب ہے ؟

A فریب کھانا

B قابو میں کرنا

C سچ سچ بولنا

D بہت شور کرنا

xii. 'دلیل' کا کیا مطلب ہے ؟

A دن

B رات

C محبوب

D عاشق

6- درج ذیل درسی نثری اقتباس کو پڑھیے اور سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ 1x5=5

منشی صابر حسین کی آمدنی کم تھی اور خرچ زیادہ، اپنے بچّہ کے لیے دایہ رکھنا گوارا نہیں کر سکتے تھے، لیکن ایک تو بچّہ کی صحت کی فکر اور دوسرے اپنے برابر والوں سے ہیٹے بن کر رہنے کی ذلّت اس خرچ کو برداشت کرنے پر مجبور کرتی تھی۔ بچّہ دایہ کو بہت چاہتا تھا۔ ہر دم اس کے گلے کا ہار بنا رہتا تھا۔ اس وجہ سے دایہ اور بھی ضروری معلوم ہوتی تھی۔ مگر شاید سب سے بڑا سبب یہ تھا کہ وہ مروّت کے باعث دایہ کو جواب دینے کی جرأت نہ کر سکتے تھے۔ بڑھیا ان کے یہاں تین سال سے نوکر تھی۔ اس نے ان کے اکلوتے بچّے کی پرورش کی تھی۔ اپنا کام دل و جان سے کرتی تھی۔ اسے نکالنے کا کوئی حیلہ نہ تھا اور خواہ مخواہ کیڑے نکالنا صابر جیسے حلیم شخص کے لیے غیر ممکن تھا۔ مگر شاکرہ اس معاملہ میں اپنے شوہر سے متّفق نہ تھی۔ اسے شک تھا کہ دایہ ہم کو لوٹے لیتی ہے۔ جب دایہ بازار سے لوٹتی تو وہ دہلیز میں چھپی رہتی کہ دیکھوں آٹا چھپا کر تو نہیں رکھ دیتی۔ لکڑی تو نہیں چھپا دیتی۔

i درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟
- A گزرا ہوا زمانہ
- B دیہات کی زندگی
- C حج اکبر
- D مگر وہ ٹوٹ گئی

ii بچہ ہر وقت کس کے گلے کا ہار بنا رہتا تھا؟
- A منشی صابر کے
- B شاکرہ کے
- C دایہ کے
- D حلیم کے

iii شاکرہ اپنے گھر سے دایہ کو کیوں نکالنا چاہتی تھی؟
- A اس پر شک کرتی تھی
- B سستی سے کام کرتی تھی
- C کام صحیح نہیں کرتی تھی
- D وقت سے نہیں آتی تھی

iv منشی صابر حسین کے یہاں بڑھیا کتنے سال سے نوکر تھی؟
- A چار سال سے
- B تین سال سے
- C دو سال سے
- D پانچ سال سے

v منشی صابر حسین اپنے بچے کے لیے دایہ رکھنا کیوں گوارا نہیں کر سکتے تھے؟

A ان کی آمدنی کم تھی

B ان کا گھر چھوٹا تھا

C بچہ ناپسند کرتا تھا

D ان کا گھر بڑا تھا

7-درج ذیل درسی شعری حصّے کو پڑھیے اور سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ 1x5=5

کیا لے گا خاک ! مُردہٗ اُفتادہ بن کے تو — طوفان بن، کہ ہے تری فطرت میں انقلاب

کیوں ٹمٹمائے کرمکِ شب تاب کی طرح! — بن سکتا ہے تو اوجِ فلک پر اگر شہاب

وہ خاک ہو، کہ جس سے مِلیں ریزہ ہائے زر — وہ سنگ بن کہ جس سے نکلتے ہیں لعلِ ناب

چڑیوں کی طرح دانے پہ گرتا ہے کس لیے — پرواز رکھ بلند، کہ تو بن سکے عقاب

وہ چشمہ بن کہ جس سے ہوں سرسبز کھیتیاں

رہرو کو تو فریب نہ دے صورتِ سراب

i۔ شاعر نے کسے دھوکا نہ دینے کی بات کی ہے؟

A۔ چڑیوں کو

B۔ فلک کو

C۔ عقاب کو

D۔ رہ رو کو

ii۔ اس شعری حصّے میں شاعر کس سے مخاطب ہے؟

A۔ فوجیوں سے

B۔ بچوں سے

C۔ انسانوں سے

D۔ اساتذہ سے

iii۔ درج بالا شعری حصّہ کے شاعر کون ہیں؟

A۔ وحیدالدین سلیمؔ

B۔ چکبستؔ

C۔ میراجیؔ

D۔ حالیؔ

iv۔ کھیتیاں کس سے سرسبز ہوتی ہیں؟

A۔ ریگستان سے

B۔ چشمہ سے

C۔ سایہ سے

D۔ طوفان سے

v۔ 'افتادہ' سے کیا مراد ہے؟

A۔ گراپڑا

B۔ شاندار

C۔ دلکش

D۔ قیمتی

8- درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھیے۔ 4

i۔ دیہات کی زندگی

ii۔ گزرا ہوا زمانہ

9- درج ذیل نظموں میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال لکھیے۔ 3

i۔ تعلیم سے بے توجہی کا نتیجہ

ii۔ رامائن کا ایک سین

10- نیچے لکھے ہوئے لفظوں کی مدد سے مصرعے مکمل کیجیے۔ 1x4=4

قرار بہار اعتبار حاصل آنکھ

i۔ مفلسی سب ..................کھوتی ہے

ii۔ مرد کا..........................کھوتی ہے

iii۔ کیوں کہ ..............ہو مُج کو جمعیت

iv۔ زُلف تیری..................کھوتی ہے

11- دی ہوئی ہدایات کے مطابق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے:

i۔ درج ذیل محاوروں میں سے صرف دو کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 2x2=4

ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا دل پاش پاش ہونا کانٹوں میں پیر رکھنا

ii۔ صنعت تشبیہ کی تعریف لکھیے۔ 2

iii۔ وہ لفظ جو کسی جگہ یا وقت کے نام کو ظاہر کرے اسے۔۔۔۔۔۔۔ہیں۔(اسم مصغر،اسم ظرف) 2

iv۔ بات کرنے والا اپنے لیے جو ضمیر استعمال کرتا ہے اسے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہیں۔(ضمیر حاضر، ضمیر غائب) 2

v۔ اسم خاص کی تعریف لکھیے۔ 1x2=2

12- درج ذیل نثری اسباق کے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 2x2=4

i. دیہات کے رہنے والے زندگی کا کیا لطف اٹھاتے ہیں؟

ii. بوڑھا اپنی جوانی کے زمانے کو کن لفظوں میں یاد کرتا ہے؟

13- درج ذیل شعری اسباق کے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 2x3=6

i۔ 'راہِ وفا کی منزل آخر ہوئی تمام' یہ کہہ کر شاعر نے کس کی طرف اشارہ کیا؟

ii۔ 'تہمتِ چند اپنے ذمے دھر چلے' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

iii۔ اشک آنکھوں میں کب نہیں آتا
لوہو آتا ہے جب نہیں آتا
اس شعر میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟

**14- درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے۔** 3

افسانہ غزل